Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **A-412**
موضوع: **اسکولوں میں تحفظ**
زمرہ: **طلبا**
جاری کردہ: **21 دسمبر، 2023**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ A-412، مورخہ 8 نومبر، 2006 کی جگہ لیتا ہے۔
اس ضابطے کو سمجھنے کے لیے واضح اور آسان بنانے کے لیے مجموعی طور پر دوبارہ سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس ضابطے کے متن میں حسب ذیل تجدید کی گئی ہیں:

حصہ I

- والدین کے معنی (تعارف) میں A-101 کا ایک جانچ حوالہ (کراس ریفرنس) موجود ہے۔ (I.A.1)
- اسکول میں کام کرنے والے محکمئہ تعلیم (DOE) کے اسکول عملے کا تعارف بطور تدریسی اور غیر تدریسی عملہ کیا گیا ہے۔ (I.A.3)
- محفوظ اور مثبت اسکول کے ماحول کی توقعات میں توسیع کرتا ہے جو تشدّد سے مبرّا ہو جہاں نفسیاتی اور جسمانی تحفظ فراہم کیا جائے۔ (I.A.2)
- اس پر زور دیتا ہے کہ تمام عملہ، طلبا، والدین اور SSAs (اسکول تحفظاتی افسران)، ایک محفوظ اسکول ماحول کے ذمہ دار ہیں۔ (I.A.3)
- وضاحت کی گئی ہے کہ جب اسکول کے باہر کی املاک پر اختیار کیے طرز عمل کو بطور ایک اسکول سے متعلق واقع قرار دیا جا سکتا ہے۔
- وضاحت کرتا ہے کہ ایسے واقعات سے کیسے نبرد آزما ہوا جائے جب کوئی طالب علم والدین کے اطلاع نامہ (نوٹیفیکیسن) کی مطلوبات سے متعلق اپنے حفاظتی خدشات کا اظہار کر رہا ہو۔ (I.A.6)
- پرنسپل پر ذمہ داری عائد کرتا ہے کہ اسکول کا تمام عملہ اس ضابطے کی مطلوبات کے بارے میں آگاہی رکھتا ہے۔ (I.A.7)
- SSAs کے کردار اور SSAs کے ساتھ پرنسپل کے کام کرنے اور انہیں اس اسکول کی برادری کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوششوں کی ذمہ داری کی وضاحت کرتا ہے۔ (I.B) محکمئہ تعلیم، شہر (City) اور NYPD کے درمیان مفاہمتی یاداشت کا حوالہ دیتا ہے۔ (I.B.1)
- مفاہمتی یاداشت میں ہائپرلنک کا اضافہ کرتا ہے اور قابل اطلاق پیٹرول گائیڈنس طریقہ کار میں ہائپر لنک کے ساتھ حوالے کا اضافہ کرتا ہے (I.B.1)
- SSA کے لیے غیر مجرمانہ واقعات کے لیے اسکول حفاظتی واقعہ رپورٹس تیار کرنے کے لیے SSA کے لیے مطلوبہ زبان کو ختم کرتا ہے۔
- ملاقاتیوں کی جانچ، حفاظتی گشت، ہنگامی ردعمل، طلبا کی تلاشی، میٹل ڈیٹیکشن/ اسکینیگ کو شامل کرنے کے لیے SSA کے افعال کی وضاحت کرتا ہے۔ (I.B.4)
- بیان کرتا ہے کہ SSAs کو غیر مجرمانہ، کم سِن طالب علم کے خراب طرزعمل کے لیے طلب نہیں کیا جا سکتا لیکن حسب ضرورت مداخلت میں مدد کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ (I.B.5)
- غیر مجرم، کم سن طالب علم کے خراب طرزعمل کی فہرست میں اضافہ کرتا ہے جس سے نمٹنے کی ذمہ داری بنیادی طور پر محکمئہ تعلیم کے عملے پر عائد ہوتی ہے۔ (I.B.5)
- مجوزہ پیراگراف 3 جس میں اسکول کے اجلاسوں کی بات کی گئی ہے کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس حصے کے بقیہ اجزا کو دوبارہ سے نمبر دے دیے گئے ہیں۔
- اسکول کی عمارتوں کے لیے مطلوبات میں اضافہ کرتا ہے کہ یہ (1) ہنگامی رد عمل کو ہم آہنگ کرنے کے لیے اسکول دن BRT کو قائم کریں، اور (2) جہاں قابل اطلاق ہو، محکمئہ تعلیم کے سرمایہ کردہ بعد از اسکول پروگراموں کے

لیے CBOs کے باہمی تعاون کے ساتھ بعد از اسکول ایک BRT کا وجود ہونا لازمی ہے۔ BRT کے مطلوبہ اراکین کی نشاندہی کرتا ہے۔ (I.C)

حصہ II

- مجرمانہ واقعات میں "مبینہ" (alleged) کا اضافہ کرتا ہے تاکہ ایسے واقعات رپورٹ کرنے، اطلاع نامہ یا NYPD سے رابطہ کرنے یا طلبا یا ممکنہ شاہدین سے پوچھ گچھ کرنے کے وقت تک یہ واقعات مبینہ رہیں (III اور ہر جگہ)
- اگر کسی فرد کو جسمانی چوٹ یا بیماری کی وجہ سے فوری طبی توجہ کی ضرورت ہو، بشمول 911 کو کال کرنے، والدین سے رابطہ کرنے کے، اس صورت میں کیا ہو گا اگر والدین بچے کو لے کر جانے نہیں دینا چاہتے تو ایسی صورت میں کیے جانے والے اقدامات کی تفصیلات کا اضافہ کرتا ہے۔ (II.A, D)
- وضاحت کرتا ہے کہ پرنسپل / نامزد کردہ لازماً اس موقعہ واردات پر فوراً پہنچیں اور والدین سے فوراً رابطہ کریں اگر یہ فرد ایک طالب علم ہے۔ (II.B)

حصہ III

- عوام کی صحت اور / یا حفاظت پر اثرات مرتب کرنے والے یا قابل نشر خبر والے ایک غیر مجرمانہ یا طبی واقعہ وقوع پذیر ہونے کی صورت میں EIC سے رابطہ کرنے کا تقاضا کرنے کے لیے (III.A) کی زبان کی تجدید کرتا ہے۔
- واضح کرتا ہے کہ OORS اسکولوں سے متعلق تمام واقعات کی رپورٹنگ کرنے کا باضابطہ نظام ہے۔ (III.B.1)
- اسکول سے متعلق تمام واقعات کے لیے OORS رپورٹ جمع کروانے کی تمام کی مطلوبات نافذ کرتا ہے اور وضاحت کرتا ہے کہ OORS رپورٹ میں کیا شامل کیا جانا چاہیے، اور واقعہ کوڈ کی تجدید کرنے کی درخواست کس طرح دی جانی چاہیے۔ (III.B.2)
- زخمی ہونے کی ایک جامع رپورٹ کے مکمل کرنے کے لیے ایک مطلوبہ زیریں حاشیہ (فُٹ نوٹ) کو ختم کر دیا گیا ہے، جو اب OORS رپورٹنگ کا حصہ بن گیا ہے۔
- اس بات پر زور دیتا ہے کہ رازداری اور استحقاق کی معلومات کے بارے میں سوالات کو سینئر فیلڈ کونسل کو بھیج دینا چاہیے (III)
- ان مطلوبات کی تجدید کرتا ہے جب پرنسپل / نامزد کردہ کو لازماً ہنگامی معلومات مرکز کو کال کرنی چاہیے (جب NYPD کو طلب کیا جاتا ہے یا جب وہ اسکول میں آئیں یا بصورت دیگر OSYD کی جانب سے ہدایات دی گئی ہوں) اور اس وقت کیا کرنا چاہیے اگر یہ واقعہ EIC کے معمول کے اوقات کے بعد وقوع پذیر ہوا ہو۔ ( III.A.1,3)
- OORS رپورٹ کا آغاز کرنے کے لیے EIC کے کردار کی وضاحت کرتا ہے۔ (III.A.2)
- گواہ کے بیانات کو جمع کروانے کی مطلوبات شامل کرتا ہے۔ (III.B.3)

حصہ IV

- والدین اور مہتمم کے علاوہ برو تحفظاتی ڈائریکٹر کو اطلاع دینے کی مطلوبات کا اضافہ کرتا ہے، اگر طالب علم کی جانب سے ایک مبینہ جرم سرزد ہونے کے سلسلے میں NYPD سے رابطہ کیا گیا ہے۔ (IV.A.1)
- اگر طالب علم سے ایک مبینہ جرم سرزد ہونے کے سلسلے میں NYPD کا بلایا گیا ہو تو EIC کو مطلع کرنے کی یاد دہانی کو شامل کرتا ہے. (IV.A.1)
- جرم کی وہ اقسام جن کی اطلاع پرنسپل اور NYPD کو دینی لازمی ہے ان کی وضاحت کرنے کے لیے زبان کا اضافہ کرتا ہے۔ (IV.A.1)
- اس زبان کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ اگر پرنسپل غیر یقینی ہے کہ آیا طرز عمل ایسا جرم ہے جس کے لیے NYPD کو کال کیا جانا ناگزیر ہے، پرنسپل کو سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے۔ (IV.A.1.b)
- اگرNYPD کو کسی طالب علم سے سرزد ہونے والے جرم کے سلسلے میں طلب کیا گیا ہے تو EIC کے اطلاع دینے کی یاد دہانی کو شامل کرتا ہے (IV.A.1)
- حفاظتی خطرے کو حفاظتی ہنگامی صورت حال میں تبدیل کرنے کی تحریری زبان میں تبدیلی کی گئی ہے جس میں واضح کیا گیا ہے کہ پرنسپل / نامزد کردہ سے رابطہ کرنے سے پیشتر NYPD سے کب رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

- طالب علم کے غیر مجرمانہ طرز عمل اختیار کرنے کی صورت میں طریقہ کار کے بارے میں بحث کرتا ہے۔ (IV.A.2) طالب علم کے غیر مجرمانہ طرز عمل کے لیے زبان میں یہ وضاحت کی گئی ہے کہ پرنسپل کو باقاعدہ اطلاع دینا لازمی ہے اور اسکول مناسب اقدام لے سکتا ہے۔ (IV.A.2.b)
- واضح کرتا ہے کہ طالب علم کے غیر مجرمانہ طرز عمل کے لیے 911 کو بطور تادیبی کارروائی استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ (IV.A.2)
- یہ وضاحت کرتا ہے DOE کے طلبا پر مشتمل مجرمانہ طرز عمل یا برے جنسی طرز عمل کی اطلاع دینے کی مطلوبات کا اطلاق کسی بھی ایسے بالغ پر ہوتا ہے جس نے اسکول سے متعلقہ جرم کا ارتکاب کیا ہے یا جو DOE کے طالب علم کے ساتھ جنسی طرز عمل میں ملوث ہوا ہو؛ واضح کرتا ہے کہ جب SCI کو کال کر دی جائے تو پرنسپل / نامزکردہ اس الزام کی تفتیش نہیں کر سکتا۔ (IV.B.1)
- محکمئہ تعلیم کے ملازمین اور غیر محکمئہ تعلیم کے ملازمین جو اسکولوں میں کام کر رہے ہیں ان کی دیگر بدسلوکی کے لیے طریقہ کار کے حوالوں میں اضافہ کرتا ہے۔ (IV.B.2)

حصہ V:

- ان دفعات کا اضافہ کرتا ہے کہ، جہاں کہیں موزوں ہو، اس سے قبل کہ کسی طالب علم کو حراست میں لیا جائے ماسوائے جب فوری حراست میں لینا ضروری ہو جائے، پرنسپل / نامزد کسی پولیس تھانے کے نگران اور برو تحفظاتی ڈائریکٹر کے ساتھ مشورہ کر سکتا ہے۔ (V.A) وضاحت کر دی گئی ہے کہ یہ رابطہ کیا جانا چاہیے ماسوائے جب فوری خطرہ ہو، اور فوری طور پر حراست میں لینا مطلوب ہو۔
- اسکول سے غیر متعلقہ جرائم کے لیے طلبا کو اسکول کیمپس سے باہر حراست میں لینے کو ترجیح دینے کے لیے زبان کا اضافہ کرتا ہے جب ایسا کرنے سے تحفظ میں کمی نہ آئے اور جب ممکن ہو حوالے کو ختم کر دیا جائے۔ اگر کیمپس کے اندر حراست میں لینے کی درخواست کی گئی ہے، پرنسپل کو لازماً برو تحفظاتی ڈائریکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے۔ (V.C)
- طالب علم کو اگر ممکن ہو نجی مقام سے حراست میں لینے پر عمل درآمد کرنے کے لیے؛ 12 سے کم عمر کے طلبا کے لیے جب کبھی ممکن ہو دھات کی ہتھکڑیوں کا استعمال نہ کیا جائے؛ کم سے کم قوت استعمال کرنے کے لیے دفع کا اضافہ کا گیا ہے۔(V.E)

حصہ VI

- اسکول سے متعلق جرائم کے لیے پوچھ گچھ NYPD / تفتیشی ایجنسی کے ذریعے کی جانی لازمی ہے۔ (VI.B)
- واضح کرتا ہے کہ اگر والدین پوچھ گچھ کے دوران موجود رہنا چاہتے ہیں، پوچھ گچھ کے لیے والدین کی آمد کا لازماً انتظار کرنا چاہیے، اور یہ کہ اگر والدین اعتراض کریں تو پوچھ گچھ نہیں کی جا سکتی۔ (VI.B.1)
- اس سے قبل کہ کسی طالب علم سے پوچھ گچھ کی جائے، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ والدین سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں۔ اگر والدین سے رابطہ ممکن نہ ہو سکے، اور NYPD کا دعوہ ہو کہ مسلسل فوری خطرے کے خوف ہے، قبل اس کے کہ انٹرویو عمل میں لایا جائے سینئر فیلڈ کونسل یا دفتر برائے جنرل کونسل سے لازماً مشورہ کیا جانا چاہیے۔ (VI.B.1) میں واضح کر دیا گیا ہے کہ فوری خطرے کا اطلاق اس طالب علم پر ہوتا ہے جس پر شبہ ہو اور متقاضی حالات کا اطلاق ان طلبا پر ہوتا ہے جن پر شبہ نہیں ہے۔
- اضافہ کرتا ہے کہ اگر NYPD / تفتیشی ایجنسیاں والدین کی غیر موجودگی میں پوچھ گچھ کر رہی ہیں، معذوری کا حامل ایک ایسا طالب علم جس کی سمجھنے اور بات چیت کرنے کی قابلیت متاثر ہو، یہ لازمی ہے کہ اسکول کا نامزد کردہ فرد ایسا فرد ہو جو اس طالب علم کی معاونت کر سکے۔ (VI.B.1.c, VI.B.2, VI.B.4)
- یاددہانی کا اضافہ کرتا ہے کہ ان طلبا کے لیے جنہیں انگریزی میں بات کرنے میں مشکل درپیش ہو ایک مترجم کا فراہم کیا جانا ضروری ہے۔ (VI.B.1.c)
- ایک مبینہ جرم میں ملزم طالب علم کو مشتبہ طالب علم میں تبدیل کر دیا گیا ہے (VI.B1.d اور تمام جگہ)
- جب میرانڈا (Miranda) ہدایات فراہم کرنا لازمی ہو کی وضاحت کرنے لیے نئی دفعات کا اضافہ کرتا ہے ( VI.B.1.d, VI.B.2.d)
- اضافہ کرتا ہے کہ اگر SCI کسی طالب علم کا انٹرویو کرنا چاہتا ہے تو والدین سے اجازت لیے کے لیے لازماً رابطہ کیا جانا چاہیے۔ (VI.B.4)

- تجویز دیتا ہے اگر NYPD اس کے علاوہ کوئی اور ایجنسی عملے سے پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہے سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کیا جانا چاہیے۔ (VI.C.1)
- اس ترجیح کا اضافہ کرتا ہے کہ اسکول سے غیر متعلق جرائم کے لیے اسکول کے اوقات کار کے بعد انٹرویوز منعقد کیا جانا چاہیے۔ (VI.B.2)
- متقاضی حالات کے دعووں سے یا مسلسل خطرے کے خوف سے کیسے نمٹا جائے کے بارے تفصیلات کا اضافہ کرتا ہے کہ اگر NYPD یا تفتیشی ایجنسی کسی غیر اسکول جرم کے بارے میں اسکول کے اوقات کار کے دوران عملے کا انٹرویو کرنا چاہیں۔ (VI.B.2)
- بچوں کے ساتھ بدسلوکی، غلط رویہ یا غفلت برتنے کے الزامات کے بارے میں رپورٹس بنانے کے لیے مکمل معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-750 کا حوالہ دیتا ہے اور اس ضابطے سے نامکمل معلومات کو ختم کرتا ہے۔ (VI.B.3)

حصہ VII

- ان طریقہ کار کی وضاحت کرتے ہوئے تجدید کرتا ہے کہ کوئی غیر قانونی شئے اسکول کے زیر نگرانی نہیں رکھی جا سکتی، اور یہ کہ تمام غیرقانونی اشیاء کو NYPD/ SSA کے ذریعے لازماً ضبط کر لیا جائے اور واوچر بنانے کے بعد تھانے لے جایا جائے۔ (VII.A, B)
- اسکول کی برادری کے لیے خطرے کا باعث بننے والی ممنوعہ عام اشیاء، بشمول والدین سے رابطہ کرنے، اگر والدین نے شئے 30 اسکول دنوں کے اندر واپس نہیں ہے تو اس کو ضائع کرنے کے متعلق عمل درآمد کرنے کے لیے طریقہ کار قائم کرتا ہے۔ (VII.C)
- سیل فونز کی بحث کو ختم کرتا ہے۔

حصہ VIII

- تجدید کرتا ہے کہ طالب علم کے ریکارڈ سے معلومات کی درخواستوں کی تکمیل کس طرح کی جائے کے لیے A-820 کا حوالہ دیتا ہے۔ (VIII.A)

Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **A-412**
موضوع: **اسکولوں میں تحفظ**
زمرہ: **طلبا**
جاری کردہ: **21 دسمبر، 2023**

## خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-412، مورخہ 8 نومبر، 2006 کو منسوخ کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔ یہ اسکولوں میں حفاظت اور تحفظ کو برقرار رکھنے کے لیے اسکول کے عملے کی ذمہ داریوں کو قائم کرتا ہے۔ یہ ان طریقہ کار کی وضاحت کرتا ہے جن پر اس وقت لازماً عمل درآمد کرنا ہوگا جب اسکول سے متعلق جرم یا واقعہ رونما ہوا ہو اور ساتھ ہی غیرقانونی اشیاء کی واوچرنگ کرنے کے دستوری عمل کی بھی وضاحت کرتا ہے۔

## I. ایک محفوظ، بحفاظت اور مثبت اسکول ماحول برقرار رکھنا

### A. عام اصول اور پالیسی

1. پبلک اسکولوں میں اور ان کے اردگرد نظم و ضبط اور حفاظت کو برقرار رکھنا ضروری ہے تاکہ ایک ایسا تدریسی ماحول تشکیل دیا جائے جس میں طلبا اعلیٰ تعلیمی معیارات کی تکمیل کر سکیں، معلمین ان معیارات کے مطابق تعلیم دے سکیں، اور والدین کو یقین دلایا جا سکے کہ ان کے بچے ایک محفوظ ترتیب میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اصطلاح "والدین"، جب بھی اس ضابطے میں استعمال کی جائے گی، اس کا مطلب ہے کہ طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدین یا سرپرست جیسے رشتے میں کوئی بھی فرد ہے یا ایسے دیگر معنی جیسے کہ [چانسلر کے ضابطے A-101] میں موجود ہیں۔

2. نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ہمارے تمام طلبا، عملے، اور والدین کے لیے اسکولوں میں محفوظ، حفاظتی، اور مثبت تعلیمی ماحول کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ ایک محفوظ اور مثبت اسکول ماحول کا تشدّد، اسلحے، منشیات اور جسمانی اور صحت کے دیگر خطرات سے پاک ہونا لازمی ہے؛ جو اسکول کی آبادی کو جذباتی اور نفسیاتی حفاظت فراہم کر سکے؛ جس کی بنیاد بالغان اور طلبا کے درمیان پُراعتماد تعلقات اور آزادانہ ابلاغ پر ہو؛ طلبا سے یکساں سلوک کیا جاتا ہو؛ آزادانہ بحث و مباحثہ کی ترغیب دی جاتی ہو جہاں تنوع اور تفریق کا احترام کیا جاتا ہو، اور تنازعہ کو خوش اسلوبی سے طے کیا جاتا ہو۔

3. محفوظ اور بحفاظت ماحول قائم کرنا، محکمہ تعلیم (DOE)، تمام اسکول کے عملے کے اراکین، طلبا، والدین، اسکول حفاظتی ایجنٹس (SSAs) اور نیویارک شہر محکمئہ پولیس (NYPD)، شعبہ برائے اسکول تحفظ (SSD) کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس ضابطے میں جہاں کہیں بھی اسکول عملے کے رکن / اسکول عملہ کی اصطلاح استعمال کی جائے گی، اس کا مطلب ہے کہ محکمئہ تعلیم کے تمام تدریسی اور غیر تدریسی ملازمین جو کسی اسکول میں کام کر رہے ہیں۔

4. یہ ضابطہ اسکول سے متعلق کسی بھی واقعے کے سلسلے میں لازمی طور پر کی جانے والی کارروائیوں کی وضاحت کرتا ہے۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے ایک اسکول سے متعلق واقعہ ایک صحت یا تحفظ سے متعلق واقعہ ہے جو اسکول کی املاک پر، اسکول سے قبل اسکول کے دوران یا بعد از اسکول ہوا ہو؛ محکمئہ تعلیم کی سرمایہ کاری کردہ گاڑیوں میں سفر کرنے کے دوران؛ آن لائن؛ اسکول کی جانب

سے منعقد کردہ تقاریب؛ یا اسکول کی املاک پر ہوا ہو جس کا تعلق اس اسکول سے ہو، اور یہ واقعہ طلبا، عملہ اور / یا اسکول برادری کی صحت، تحفظ یا بہبود پر اثرانداز ہوسکتا ہو۔ اسکول سے متعلق واقعات میں شامل ہیں مگر انہی تک محدود نہیں مبینہ مجرمانہ واقعات، غیر مجرمانہ واقعات، اور طبی ہنگامی صورت حالات جن پر اسکول یا محکمئہ تعلیم کو اگلے اقدام اٹھانے کی ضرورت ہو۔

5. پرنسپل / نامزد کردہ اور اسکول کے عملے کو لازماً مطلوبہ اطلاع نامے، رپورٹنگ اور تفتیشی طریقئہ ہائے کار پر عمل جاری رکھنا چاہیے، ذیل میں ایسے طریقئہ ہائے کار اور مطلوبات کے لیے موزوں اقدامات لینے کے لیے اس ضابطے کے تحت ذیل میں نظام الاوقات کی وضاحت کی گئی ہیں اور چانسلر کے ضابطے کا اطلاق طلبا اور محکمئہ تعلیم کے ملازمین اور غیر محکمئہ تعلیم کے ملازمین جو اسکولوں میں کام کر رہے ہیں کی جانب سے بدسلوکی سے متعلق واقعات پر ہوتا ہے۔

6. ایسی صورتوں میں جہاں اس ضابطے کے مطابق والدین کو اطلاع دینا ضروری ہے، اگر کوئی طالب علم پرنسپل / نامزد کردہ فرد کو والدین کو اطلاع دینے کے بارے میں حفاظتی خدشات بتاتا ہے، پرنسپل / نامزد کردہ کو چاہیے کہ اپنے سینئر فیلڈ کونسل سے مشورہ کرے تاکہ تعین کیا جا سکے کہ طالب علم کو موزوں معاونت فراہم کرتے ہوئے اور رازداری اور تحفظاتی خدشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے کس طرح اسے محتاط انداز میں والدین کو بتانا چاہیے۔

7. یہ یقینی بنانا پرنسپل حضرات کی ذمہ داری ہے کہ اسکول کا تمام عملہ اس ضابطے میں قائم کردہ طریقہ کار سے واقف ہو۔

8. اس ضابطے میں قائم کردہ طریقہ ہائے کار پر عمل درآمد کرنا لازمی ہے۔ اس طریقہ کار پر عمل نہ کرنے کے نتیجے میں تادیبی کارروائی کے ساتھ ساتھ ملازمت سے برطرف بھی کیا جا سکتا ہے۔

## B. اسکول حفاظتی ایجنٹس اور NYPD

1. SSAs کسی اسکول برادی کا ایک لازمی جُز ہے اور یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ محکمہ تعلیم کے تدریسی مقصد میں مزید مدد اور معاونت دیتے ہوئے موجودہ مفاہمتی یاداشت کے تحت NYPD, DOE نیویارک شہر اور قابل اطلاق NYPD پیٹرول گائیڈ کے طریقہ کار (13-215، 17-215) کے مطابق اسکول کو تحفظ فراہم کریں

2. پرنسپل حضرات اور SSAs کو اسکول کے تحفظ، اسکول کے ماحول اور اسکولوں کے روزانہ کے معمولات کے متعلق معاملات پر لازماً ایک دوسرے کے ساتھ مشاورت کرنی چاہیے اور باہمی طور پر کام کرنا چاہیئے۔

3. SSAs کے تحفظاتی اعمال میں شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں، ملاقاتیوں پر نظر رکھنا، اسکول کی عمارت کا گشت کرنا، ہنگامی صورت حال میں ردعمل کرنا، طلبا کی تلاشی اور میٹل ڈیٹیکشن اسکیننگ کرنا۔ طلبا کی تلاشی کے متعلق مطلوبات اور معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-432 اور محکمئہ تعلیم ضلع پیما ضابطہ انضباط کو ملاحظہ کریں۔

4. بنیادی طور پر یہ محکمئہ تعلیم کے عملے کی ذمہ داری ہے کہ طالب علم کے غیر مجرمانہ طالب علم طرزعمل سے نمٹیں اور اس پر ردعمل کریں۔ ایسے خراب طرزعمل میں شامل ہیں مگر انہی تک محدود نہیں: ایسا طرزعمل اختیار کرنا جس کی وجہ سے تعلیمی عمل میں خلل واقع ہو (مثلاً، شور کرنا)؛ مطلوبہ یونیفارم کا نہ پہننا؛ کلاس سے غائب ہو جانا؛ اسکول یا کلاس میں تاخیر سے آنا؛ اسکول سے بغیر اجازت غیر حاضری؛ غیر مہذّب زبان یا بےادبی والا طرزعمل اختیار کرنا؛ ایسے لباس، ٹوپیاں یا دیگر اشیاء پہننا جو غیر محفوظ ہوں یا تدریسی عمل میں مخل ہوں؛ تمباکو نوشی اور / یا الیکٹرانک سگریٹس کا استعمال اور / یا ماچس یا لائٹرز رکھنا؛ جوا کھیلنا، اسکول کے کمپیوٹرز، فیکس مشین ٹیلوفونز اور / یا الیکٹرانک سازوسامان یا آلات کو بغیر مناسب اجازت کے استعمال کرنا؛ اسکول کے عملے سے جھوٹ بولنا، غلط معلومات فراہم کرنا، یا بصوت دیگر گمراہ کرنا؛ اور دوسروں کی املاک کا غلط استعمال کرنا۔ غیر مجرمانہ، کم سن طالب علم کے ایسے خراب طرزعمل جن سے اسکول کا عملہ محفوظ طریقے سے نمٹا سکتا ہے ان کے لیے اسکول کے عملے کو SSAs یا NYPD کو نہیں بلانا چاہیے۔ جہاں مناسب ہو، اسکول کا عملہ عملے کے رکن کے لیے اسکول پر مبنی

مداخلتوں اور معاونتوں کا اطلاق کرنے میں مدد کرنے کے لیے SSA کی مدد کی درخواست کر سکتا ہے (مثلاً، طالب علم کو اپنے ساتھ ڈینز کے دفتر لے کر جانا)۔

**C. عمارت کی ردعمل ٹیم**

1. ہر اسکول کی عمارت کے لیے لازمی ہے کہ یہ عمارت کی ردعمل ٹیم (BRT) تشکیل دے تاکہ اسکول کے اندر یا اس کے ارد گرد ہنگامی صورت حال میں اسکول یا کیمپس کے رد عمل کو فرسٹ رسپانڈرز کے پہنچنے تک مربوط بنائے۔
2. اس BRT کے لیے لازمی ہے کہ اس میں کم از کم ایک BRT قائد، ہنگامی صورت کا افسر، واقعہ تشخیص کار، خصوصی ضروریات رابطہ کار، جمع ہونے کی جگہ کا (اسمبلی پوائنٹ) رابطہ کار اور ریکاڈر موجود ہو۔
3. جہاں قابل اطلاق ہو، ہر عمارت کے لیے برادری پر مبنی تنظیموں کے اشتراک (CBO) کے باہمی تعاون کے ساتھ، محکمئہ تعلیم کی جانب سے منعقد کردہ بعد از اسکول پروگرام کے لیے، ایک BRT تشکیل دینا لازمی ہے۔

## II. اسکول سے متعلق واقعات جن میں ہنگامی طبی معاونت درکار ہے

**A.** جب کبھی بھی کسی جسمانی چوٹ یا بیماری کے لیے کسی فرد کو فوری طبی توجہ کی ضرورت ہو، عمل درآمد کرنے والے اسکول کے عملے کے رکن / SSA کو لازماً 1) فوری طور پرEMS / فائر ڈپارٹمنٹ کی درخواست کرنے کے لیے 911 کو کال کرنی چاہیے؛ 2) اس کے فوراً بعد مرکزی دفتر / مرکزی ڈیسک یا دیگر تفویض کردہ مرکزی رابطہ فرد کو مطلع کرنا چاہیے تاکہ ایک تربیت یافتہ صحتی پیشہ ور (مثلاً، طبی معاون، نرس، ڈاکٹر، نرس پریکٹشنر، یا ڈاکٹر کا معاون) کا مدد کرنے کے لیے انتظام کیا جائے، اگر دستیاب ہو؛ اور 3) اس کے بعد پرنسپل / نامزد کردہ کو اطلاع دے۔ طلبا کے طرزِعمل کے بحران اور صورت حال کی شدت میں کمی لانے کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-411 کو ملاحظہ کریں اور خود کشی سے بچنے کے طریقئہ کار اور 911 کا مناسب استعمال کرنے کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-755 ملاحظہ کریں۔

**B.** پرنسپل / نامزد کو فوراً اس جائے وقوع پر لازماً پہچنا چاہیے اور اگر مدد کا ضرورت مند فرد طالب علم ہے تو والدین سے رابطہ کرے۔ اگر طالب علم پرنسپل / نامزد کردہ کو والدین کو اطلاع دینے کے بارے میں حفاظتی خدمات کے بارے میں بتاتا ہے، پرنسپل / نامزدہ کردہ کو چاہیے کہ اپنے سینئر فیلڈ کونسل سے مشورہ کرے تاکہ تعین کیا جا سکے کہ اس طالب علم کی موزوں معاونت کے ساتھ اور رازداری اور تحفظاتی خدمات کو پیش نظر رکھتے ہوئےکس طرح اسے محتاظ انداز میں والدین کو بتانا چاہیے۔

**C.** چانسلر کا ضابطہ A-701 کے تحت فرسٹ ایڈ لازماً فراہم کی جانی چاہیے تاکہ کسی فرد کی فوری طبی ضروریات سے نمٹا جائے تاوقیکہ پیشہ ور طبی خدمات / طبی نقل و حمل فراہم کی جا سکے۔

**D.** اگر طبی مدد کا ضرورت مند فرد ایک طالب علم ہے اور والدین درخواست کرتے ہیں کہ ان کے بچے کو کسی ہسپتال نہیں لے جایا جائے، موقع پر موجود 911 کا عملہ تعین کرے گا کہ آیا ان والدین کی درخواست کا نیویارک فائر ڈپارٹمنٹ (FDNY) کے طبی معاونت دینے سے انکار کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے تحت منظور کی جا سکتی ہے اور اس سلسلے میں والدین کو مشورہ دیا جائے۔

**E.** اگر طبی مدد کا ضرورت مند فرد ایک طالب علم ہے اور والدین سے رابطہ نہیں کیا جا سکے یا یہ اسکول تک نہیں پہنچ سکے، یہ جائے وقوع پر موجود 911 عملے کی ذمہ داری ہے کہ فیصلہ کرے کہ آیا اس طالب علم کو ہسپتال لے جایا جائے یا نہیں۔

**F.** تمام ایسی صورت حالات میں جہاں 911 عملہ فیصلہ کرتا ہے کہ کسی طالب علم کو ہسپتال لے جانا ضروری ہے اور اس کے والدین اسکول نہیں پہنچ پائے، تو عملے کے ایک رکن کو طالب علم کے ساتھ ہسپتال جانا چاہیئے یا اگر 911 عملہ ہدایت دے توعملے کے رکن کو طالب علم کے پیچھے ہسپتال جانا چاہیئے۔ اگر والدین عملے کی رکن کے اسکول دن کے ختم ہونے تک نہیں پہنچ پاتے تو، عملے کے رکن کے لیے پرنسپل/ نامزد کردہ سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔

## III. اسکول سے متعلق واقعات کو رپورٹ اور قلم بند کرنا

اسکول میں تحفظ اور نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ اسکول سے متعلق واقعات کے بارے میں مکمل اور درست رپورٹنگ اور قلم بندی کی جائے، بشمول مبینہ مجرمانہ اور غیر مجرمانہ واقعات کے، ایسے واقعات کے نتیجے میں چوٹ لگی ہو، اور ایسے واقعات جن میں ہنگامی طبی نگہداشت درکار ہو۔ ذیل میں ایسے واقعات کے لیے رپورٹنگ کرنے اور قلم بند کرنے کی مطلوبات کو قائم کیا گیا ہے۔

ان مطلوبات کی تکمیل لازمی ہے قطع نظر کہ معلومات کا ذریعہ کیا ہے اور اس کے باوجود کہ رازداری کی درخواستیں کی گئی ہیں۔ رازداری سے متعلق سوالات اور مراعات یافتہ معلومات کو اس اسکول کے سینئر فیلڈ کونسل کے حوالے کر دینا لازمی ہے۔ بعد از اسکول اوقات میں اسکول کی عمارتوں کو استعمال کرنے والی تنظیموں کے لیے واقعہ کو رپورٹ کرنے کے بارے میں معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ D-180 ملاحظہ کریں۔

### A. محکمہ تعلیم کا ہنگامی معلومات مرکز (EIC)

1. جب کبھی NYPD کو کال کیا جائے یا یہ اسکول سے متعلق ایک واقعہ یا ایک غیر مجرمانہ اور / یا طبی واقعہ وقوع پذیر ہونے پر رد عمل کریں جس میں عوامی صحت اور / یا تحفظ کو خطرہ ہو یا یہ ایک قابل نشر خبر ہو، مثلاً گولیاں چل جانا، بم کی دھمکیاں، بس حادثات، خودکشی کرنے کی کوشش کی گئی ہو تو پرنسپل / نامزد کردہ فرد کو لازماً محکمہ تعلیم کے ہنگامی معلومات مرکز کو مطلع کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی (OSYD) سالانہ طور پر تعلیمی سال کے آغاز سے پیشتر اسکولوں کو مشورہ دے گا کہ اسکول سے متعلقہ دیگر اقسام کے کونسے واقعات ہیں جن کے لیے EIC کو اطلاع دینا مطلوب ہے۔
2. جب EIC کو کوئی رپورٹ موصول ہوتی ہے، EIC ایک آن لائن واقعات کی رپورٹنگ نظام (OORS) میں آن لائن واقعات کی رپورٹ (OORS) کا آغاز کرے گا۔ EIC اس اسکول کو ایک کنٹرول نمبر فراہم کرے گا۔ ایک اسکول دن کے اندر، پرنسپل / نامزد کردہ کو لازمی طور پر OORS رپورٹ کا جائزہ لینا اور اگر قابل اطلاق ہو تو اس میں تجدید کرنا اور اس کو جمع کروانا لازمی ہے۔
3. اگر پرنسپل / نامزد کردہ کو اسکول سے متعلق ایک واقعہ کی اطلاع ملتی ہے جس سے EIC کو مطلع کرنا لازمی ہے، EIC کے معمول کے اوقات کار کے بعد (یعنی ہفتے کے دنوں میں جب اسکول کھلا ہوا ہو اسکول کے اوقات کے بعد اور سنیچر اتوار کے دوران یا تعطیلات کے دوران جب اسکول بند ہو )، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اس واقعہ کی اطلاع فوراً برو تحفظاتی ڈائریکٹر کو دے اور OSYD کے بنائے گئے ایک خاکے کو استعمال کرتے ہوئے اس واقعہ سے متعلق رپورٹ EIC کو
4. ای میل کرے۔

### B. آن لائن واقعات کی رپورٹ کا نظام (OORS)

1. محکمہ تعلیم کے واقعات کی رپورٹ کا نظام (OORS) اسکول سے متعلق تمام واقعات کی رپورٹنگ کا باضابطہ نظام ہے۔
2. پرنسپل / نامزد کردہ کو اسکول سے متعلق تمام واقعات کو قابل اطلاق واقعہ کوڈ کو استعمال کرتے ہوئے پرنسپل / نامزد کے علم میں آئے ہوئے ایک اسکول دن کے اندر لازماً ایک OORS رپورٹ تشکیل دینی چاہیئے اور جمع کروانی چاہیئے۔ اس رپورٹ میں دوسری چیزوں کے علاوہ، اس واقعہ کی ایک مکمل، حقیقی تفصیل شامل ہونی چاہیے لیکن اس میں نظم و ضبط کی تفصیلات شامل نہ ہوں، چاہے تجویز کی گئی ہوں یا قبول کی گئی ہوں۔ اس پرنسپل / نامزد کو لازماً حسب ضرورت OORS کی رپورٹ کی تجدید کرتے رہنا چاہیے تاکہ اس واقعہ سے متعلق نئی ضروری اضافی معلومات کے موصول ہونے کے ایک اسکول دن کے اندر اس کی عکاسی کی جا سکے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ کسی واقعہ کوڈ کی تجدید کرنا چاہتے ہیں انہیں لازماً اپنی درخواست کو زیر غور لانے کے لیے osyddata@schools.nyc.gov کے پاس جمع کر دینی چاہیے۔

3. اس تفتیش کے ایک جز کے طور پر، شامل فریقین اور دیگر متعلقہ گواہان کا انٹرویو لیا جانا لازمی ہے اور قابل اطلاق ضابطوں کے تحت گواہان کے بیانات کو تیار کرنے کا کہا جاتا ہے۔ گواہان کے بیانات کو OORS میں لازماً جمع کروانا چاہیے۔

4. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ تمام مداخلتوں اور معاونتوں کو جن کی پیشکش فریقین اور گواہان کو کی گئی ہے اور ممنوعہ طرزعمل میں ملوث پائے جانے والے طالب علم کے خلاف لیے گئے تمام انضباطی اقدامات کو OORS میں درج کرے۔

5. تمام نامزد کردہ افراد جو OORS میں معلومات درج کرنے کے مجاز ہیں انہیں OORS رپورٹس بنانے کے طریقہ کار اور پالیسیوں کے بارے میں تربیت یافتہ ہونا چاہیے۔

## IV. اسکول سے متعلق واقعات کی اطلاع دینے کے تقاضے

ذیل ان اطلاع ناموں (نوٹیفیکیشنز) کو قائم کرتا ہے جو اس وقت درکار ہوتے ہیں جب ایک طالب علم، محکمئہ تعلیم کا ملازم یا غیر محکمئہ تعلیم کا ملازم جو اس اسکول میں کام کر رہا ہو مجرمانہ اور غیر مجرمانہ غلط طرزعمل کے مبینہ واقع میں ملوث ہو۔ اطلاع کے وسیلے کے قطع نظر اور رازداری کی درخواست کے باوجود اطلاع سے متعلق درج ذیل تقاضوں کی تکمیل لازمی طور پر کی جانی چاہیئے۔ رازداری سے متعلق سوالات اور مراعات یافتہ معلومات کو اس اسکول کے سینئر فیلڈ کونسل یا دفتر برائے جنرل کونسل کو بھیجنا چاہیئے۔

### A. طالب علم کا برا طرزعمل

1. طلبا سے سرزد ہونے والے جرائم

a. ایسی تمام صورتوں میں جہاں اسکول عملے کا کوئی رکن، SSA یا کسی اسکول میں کام کرنے والا محکمئہ تعلیم کا دیگر ملازم (مثلاً، CBO عملہ، نگراں، گواہان) جس کو معلومات فراہم کی گئی ہیں یا ایک الزام لگایا گیا ہے کہ ایک اسکول سے متعلق ایسا جرم سرزد ہوا ہے جس کی وجہ سے طلبا، عملہ یا اس اسکول کی برادری کو ایک خطرہ لاحق ہے، اس کا ارتکاب ایک طالب علم نے کیا ہے انہیں چاہیے کہ لازمی طور پر:

i. پرنسپل / نامزد کردہ فرد کو فوراً مطلع کریں؛

ii. اگر اس واقعے کے سبب تحفظ سے متعلق فوری ہنگامی صورت حال پیدا ہو جائے تو فوراً NYPD کو مطلع کیا جانا چاہیے اور اس کے بعد پرنسپل/ نامزد کردہ کو مطلع کیا جائے؛

b. پرنسپل / نامزد کردہ کو فوری طور پر NYPD (ماسوائے کہ NYPD سے پہلے ہی رابطہ کر لیا گیا ہے)، اور SSA کو مطلع کرنا چاہیے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ غیر یقینی ہیں کہ آیا یہ طرزعمل ایک جرم تصور کیا جا سکتا ہے یا نہیں، سینئر فیلڈ کونسل سے مشورہ کیا جانا چاہیے۔

c. پرنسپل / نامزد کو لازماً پوری کوشش کرنی چاہیے کہ فوراً اس ملزم طالب علم کے والدین کو اور اس مبینہ متاثرہ فرد کے والدین، جہاں قابل اطلاق ہو، مہتمم، اور برو تحفظاتی ڈائریکٹر کو مطلع کریں۔

d. پرنسپل / نامزد کردہ کو لازماً EIC سے بھی ایک OORS رپورٹ کا آغاز کرنے کے لیے رابطہ کرنا چاہیے۔

e. طلبا کو حراست میں لینے سے متعلق طریقہ کار کے لیے حصہ V ملاحظہ کریں۔

2. طالب علم کا غیر مجرمانہ برا طرزعمل

a. یہ بنیادی طور پر اسکول کے عملے کی ذمہ داری ہے کہ اسکول سے متعلقہ غیر مجرمانہ خراب طرزعمل سے اس طرح سے نمٹیں اور ردعمل دیں: کلاس روم کے مناسب انتظام اور معاملے کی شدّت کو کم کرنے کی تکنیک استعمال کریں؛ اسکول کے حوالوں کے بتدریج اطلاق پر عمل درآمد کریں؛ شہرپیما طرز عمل توقعات برائے طالب علم تدریسی معاونت (ضابطہ انضباط کوڈ)، اور چانسلر کے ضوابط اور محکمئہ تعلیم کی پالیسی کے تحت نظم و ضبط، معاونتوں اور مدخلتوں کو نافذ کریں۔ غیر مجرمانہ خراب طرز عمل سے نمٹنے کے لیے بطور ایک تادیبی رد عمل یا تادیبی کارروائی میں کسی بھی صورت میں 911 کو نہ کال کیا جائے یا استعمال کیا جائے۔

b. ان تمام صورتوں میں جب کوئی اسکول عملہ کا رکن یا ایک SSA خود دیکھتا ہے یا اسے اسکول سے متعلق کسی طالب علم کے بارے میں ایک غیر مجرمانہ الزام کے بارے میں معلومات دی جاتی ہے جس کے لیے اسکول کے نظم وضبط یا دیگر اقدام لینا ضروری ہو جائیں، ان پر لازم ہے کہ فوراً پرنسپل / نامزد کردہ کو مطلع کریں تاکہ اسکول مناسب اقدامات لے سکے۔

c. اس پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ ایک OORS رپورٹ تیار کرے اور اسے جمع کروائے جیسے کہ مندرجہ بالا حصہ III.B میں واضح کیا گیا ہے۔

3. پرنسپل / نامزد کردہ اور اسکول کے عملے کے لیے مطلوبہ اطلاع نامے، اور تفتیشی طریقہ کار، ایسے طریقہ کار کے گوشوارہ وقت کی اور طرزعمل بحران سے دوچار طلبا، اسکول میں تادیبی کارروائی یا مابعد کارروائی کا تقاضا کرنے والے طالب علم کے خراب طرزعمل؛ طالب علم سے طالب علم جنسی ایذا رسانی؛ اور طالب علم کا طالب علم سے امتیازی سلوک، ایذا رسانی، دھمکانے اور غنڈہ گردی کے متعلق چانسلر کے ضابطے میں قائم کردہ قابل اطلاق مناسب مابعد کارروائی کرنے کی مطلوبات کی مسلسل پابندی کرنی چاہیئے۔ مزید معلومات کے لیے چانسلر کے ضابطے A-411، A-831 A-443، اور A-832 ملاحظہ کریں۔

## B. اسکول میں کام کرنے والے محکمہ تعلیم کے ملازمین یا غیر محکمئہ تعلیم ملازمین کا خراب طرزعمل

1. مجرمانہ طرزعمل اور جنسی خراب طرزعمل میں ملوّث محکمئہ تعلیم کے طلبا

a. ایسی تمام صورتوں میں جہاں کوئی محکمئہ تعلیم کا ملازم، NYPD افسر، SSA، یا دیگر غیر محکمئہ تعلیم ملازم جو کسی اسکول میں کام کر رہا ہو، خود دیکھتا ہے یا ان کو معلومات فراہم کی جاتی ہے یا ایک الزام لگایا جاتا ہے کہ اسکول کے عملے کے رکن نے یا غیر محکمہ تعلیم ملازم یا اسکول کے پروگراموں یا خدمات سے منسلک فرد جو اسکول میں کام رہا ہو انھوں نے: 1) مبینہ طور پر ایک اسکول سے متعلق جرم کا ارتکاب کیا ہے؛ یا 2) ایک محکمئہ تعلیم کے طالب علم کے ساتھ اسکول کی املاک کے اندر یا باہر جنسی بدسلوکی میں ملوّث ہے، چاہے یہ طرز عمل مجرمانہ ہے یا نہیں اس پر لازمی طور پر فوراً:

i. پرنسپل / نامزد فرد اور مہتمم کو مطلع کرنا چاہیے؛

ii. اگر یہ مبینہ خراب طرزعمل مجرمانہ ہے اور یہ واقعہ ایک فوری حفاظتی خطرہ کا باعث بن سکتا ہے، NYPD کو مطلع کیا جائے اور اس کے بعد پرنسپل / نامزد فرد کو مطلع کیا جائے۔

iii. اگر کوئی طالب علم مشتبہ مجرمانہ سرگرمی کا شکار ہو تو، اس پرنسپل/ نامزد فرد کو چاہیے کہ والدین کو بھی لازمی مطلع کریں؛ اور

iv. SCI کو مطلع کریں۔ اطلاع ملنے پر، پرنسپل / نامزد کردہ کو کوئی معلومات حاصل نہیں کرنی چاہیئے یا اس الزام کی تفتیش نہیں کرنا چاہیئے۔

b. اس پرنسپل / نامزد فرد کو چاہیے کہ لازماً:

i. اگر یہ الزام مجرمانہ ہے تو NYPD (ماسوائے جیسے کہ مندرجہ بالا حصہ IV.B.1 کے تحت NYPD کو پہلے سے ہی مطلع کر دیا گیا ہے) اور SSA کو مطلع کریں؛

ii. اگر کوئی طالب علم ملوّث ہے تو والدین کو مطلع کریں؛ اور

iii. EIC سے رابطہ کرے تاکہ ایک OORS رپورٹ کا آغاز کیا جا سکے۔

**2. دیگر خراب طرزعمل**

پرنسپل / نامزد کردہ اور اسکول کے عملے کے لیے مطلوبہ اطلاع نامے، اور تفتیشی طریقہ کار، ایسے طریقہ کار کے گوشوارہ وقت کی اور محکمئہ تعلیم کے ملازمین اور غیر محکمئہ تعلیم کے ملازمین جو اسکولوں میں کام کر رہے ہیں ان کے برے طرز عمل کے واقعات کے متعلق نیو یارک شہر چانسلر کے قابل اطلاق ضابطے میں قائم کردہ مابعد مناسب کارروائی کے مطلوبات اور SCI کو مطلع کرنے کے لیے محکمئہ تعلیم اور نیو یارک شہر پالیسی کی مسلسل پابندی کرنی چاہیئے۔ چانسلر کے ضوابط A- 421 ،A-420، اور A -830، ملاحظہ کریں مثال کے طور پر، نیو یارک شہر اسکول ضلع (nycsci.org) – کا خاص کمشنر- برائے تفتیش .

## V. طلبا کی گرفتاریاں

A. NYPD افسران اور SSAs عملی طور پر جہاں تک ممکن ہو سکے، کسی طالب کو حراست میں لینے سے قبل یا کسی قسم کی مجرمانہ کارروائی کا آغاز کرنے سے قبل، پرنسپل / نامزد سے سے مشورہ کریں گے ماسوائے جہاں فوری خطرہ لاحق ہو، اور ایک فوری حراست میں لینا ضروری ہو جائے۔ جب بھی مناسب ہو، پرنسپل / نامزد کردہ کسی تھانے کے نگران کے ساتھ مشورہ کر سکتا ہے۔

B. اگر کسی واقعہ کے لیے ایک فوری حراست لازمی ہو جائے اور پیشتر مشورہ کیا جانا ممکن نہ رہے، عملی طور پر جتنی جلد ممکن ہو اس طالب علم کو حراست میں لینے کے بعد NYPD افسر / SSA کو لازماً پرنسپل / نامزد فرد کو مطلع کرنا چاہیے۔

C. NYPD طلبا کو اسکول کی املاک کے باہر کسی اسکول سے غیر متعلق مبینہ جرم میں گرفتار کر لے گی، اگر ایسا کرنے سے کسی اور کی حفاظت خطرے میں نہیں پڑے گی۔ اگر NYPD طالب علم کو اسکول کی املاک پر کسی اسکول سے غیر متعلق مبینہ جرم میں حراست میں لینا چاہتے ہیں، پرنسپل / نامزد فرد کو لازماً اپنے برو تحفظاتی ڈائریکٹر سے مزید رہنمائی کے لیے مشورہ کرنا چاہیئے۔

D. جب کسی طالب علم کو حراست میں لیا جائے اس پرنسپل / نامزد کو لازمی طور پر والدین کو فوراً اطلاع دینی چاہیے۔ مہتمم کو بھی فوری طور پر مطلع کرنا لازمی ہے۔

E. کسی طالب علم کو حراست میں لیتے وقت ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے کہ اس طلب علم کی رازداری کے حقوق کا احترام کیا جائے۔ ہنگامی صورت حال کی عدم موجودگی، حراست میں لینے والے افسر کو چاہیئے کہ ایک نیم نجی مقام پر جو عملے اور دیگر طلبا کی نظروں سے اوجھل ہو، حراست میں لیا جائے۔

F. اس پرنسپل / نامزد کردہ کو لازماً ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے کہ حراست میں لینے والے NYPD افسر کا نام اور بیج / ID نمبر حاصل کریں اور اسے OORS رپورٹ میں درج کرے۔

G. NYPD کی پالیسی کے مطابق، SSAs اور NYPD افسران طلبا کو قابو کرنے کے لیے لازمی طور پر کم از کم سطح کی قوت استعمال کریں گے اور موزوں SSD عملے کی اجازت کے بغیر جب بھی ممکن ہو 12 سال سے کم عمر کے طلبا پر لازماً دھات کی ہتھکڑیاں استعمال نہیں کریں گے۔ جب بھی ممکن ہو، SSAs اور NYPD افسران کو چاہیئے کہ پرنسپل / نامزد کردہ کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے قبل اس کے کہ طالب علم کو ہتھکڑیاں پہنائے یا قابو میں کرے اس طالب علم کو ایک نیم نجی مقام جو عملے اور دیگر طلبا کی نظروں سے اوجھل ہو لے جایا جائے۔

H. تمام صورت حالات میں، اگر والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا یا NYPD افسر والدین کے پہنچنے سے پیشتر اس طالب علم کو ساتھ لے کر چلا جاتا ہے، اسکول کے عملے کے کسی رکن (SSA کا رکن نہ ہو) کو لازماً اس طالب علم کے ساتھ تھانے جانا چاہیے۔ اگر اس طالب علم کے ساتھ جانے کی اجازت مسترد کر دی جاتی ہے، اسکول کے عملے کے رکن کو فوراً اس تھانے کے لیے لازماً روانہ ہو جانا چاہیے۔ اس طالب علم کے ساتھ یا اس کے جانے کے بعد تھانے تک جانے والا فرد لازماً ایسا

فرد ہونا چاہیے جو اس واقعے میں ملوث نہ ہو جس کے نتیجے میں یہ گرفتاری عمل میں آئی ہے اور نہ ہی کوئی SSA (کا رکن) ہو۔ اسکول عملے کا رکن لازمی طور پر موزوں وقت تک یا اس وقت تک طالب علم کے ساتھ رہے گا جب تک کہ اسے اس کی مزید ضرورت باقی نہ رہے۔

I. SSA ایک NYPD ذیل کے لیے اسکول حفاظتی واقعہ کی رپورٹ تیار کرے گا: جرائم، چھوٹی نوعیت کے جرائم، ایسے واقعات جن میں اسلحہ ، ممنوعہ منشیات شامل ہو، اور مجرمانہ نوعیت کی گینگ سے وابستہ سرگرمیاں شامل ہو۔ اگر SSA ان میں سے کسی زمرے کے واقعات میں براہ راست شامل یا آگاہ نہیں ہے تو، پرنسپل کو لازمی طور پر SSA کو اس واقعے کی زبانی تفصیل فراہم کرنی چاہیے۔ SSA کو لازمی طور پر اسکول حفاظتی واقعہ کی رپورٹ کی ایک نقل موزوں وسائل کے ذریعے اس اسکول کے سیفٹی ڈویژن آپریشن سینٹر کو بھیجنی چاہئے۔

## VI. طالب علم اور عملے سے پوچھ گچھ

### A. عام اصول:

1. اگر NYPD, SCI، بچوں کی خدمات کی انتظامیہ (ACS) یا دیگر تفتیشی ایجینسی اسکول میں کسی طالب علم اور / یا کسی عملے کے رکن سے پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہیں، ذیلی طریقہ کار پر لازماً عمل درآمد کیا جانا چاہیے۔ پرنسپل / نامزد کردہ کو چاہیئے کہ عملے اور / یا طلبا سے انٹرویو کرنے کی درخواستوں کے متعلق سوالات کے لیے اپنے سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرے۔

2. اگر طلبا یا عملے سے پوچھ گچھ کرنے کی اجازت مل جاتی ہے، ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے کہ تعلیمی و تدریسی عمل میں لازماً کوئی خلل نہ واقع ہو۔

### B. طلبا سے پوچھ گچھ

1. **اسکول سے متعلق جرم:** ایسی صورت میں جب NYPD / دیگر تفتیشی ایجنسی اسکول سے متعلق جرم کے سلسلے میں کسی طالب علم سے پوچھ گچھ کرنا چاہتی ہو تو پرنسپل/ نامزد کردہ لازمی طور پر طالب علم کے والدین سے رابطہ کرنے کی ہرممکن کوشش کریں گے۔

a. اگر والدین سے رابطہ ہو جاتا ہے تو، پرنسپل/ نامزد فرد اور / یا NYPD/ تفتیشی ایجنسی کو مزید کارروائی کے سلسلے میں والدین سے مشاورت کرنا لازمی ہے کہ وہ اس کے بارے میں کس طرح آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ اگر والدین کو کوئی اعتراض نہیں ہے تو، پرنسپل/ نامزد کردہ کو لازمی طور پر اس طالب علم سے پوچھ گچھ کرنے کی اجازت دینی ہوگی۔ اگر والدین کسی پوچھ گچھ کے دوران موجود ہونا چاہتے ہیں، ایسی پوچھ گچھ اس وقت تک نہیں کی جا سکتی جب تک یہ والدین پہنچ نہ جائیں۔ اگر والدین اعتراض کرتے ہیں، پوچھ گچھ نہیں کی جا سکتی۔

b. اگر والدین سے رابطہ نہیں کیا جا سکا، پرنسپل / نامزد فرد کو اس طالب علم سے پوچھ گچھ کرنے کی اجازت نہیں دینا چاہیے ماسوائے کہ NYPD / تفتیسی ایجنسی سمجھتی ہیں کہ جس مجرمانہ سرگرمی میں ملزم طالب علم ملوث ہے اس سے ایک مسلسل فوری خطرے کا خدشہ لاحق ہے یا وہ طالب علم جس پر الزام نہیں ہے اسے فوری طور متقاضی حالات درپیش ہیں۔ اگر NYPD / تفتیشی ایجیسی فوری خطرہ یا متقاضی حالات کی نشاندہی کرتی ہے، پرنسپل پر لازم ہے کہ سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرے، یا اگر سینئر فیلڈ کاونسل سے رابطہ نہیں کیا جا سکتا، دفتر برائے جنرل کؤنسل سے صلاح مشورہ کرے۔

c. تمام صورتوں میں، جہاں NYPD / تفتیشی ایجیسی اسکول میں والدین کی غیر موجودگی میں کسی طالب عل سے پوچھ گجھ کرتی ہے تو پرنسپل / نامزد فرد کا اس پوچھ گچھ کے دوران موجود ہونا ضروری ہے۔ اگر اس واقعہ کا تعلق پرنسپل / نامزد کردہ سے ہے، اس پرنسپل / نامزد فرد کے علاوہ کسی اور عملے کے رکن کا موجود ہونا لازمی ہے۔ اس طالب علم کو اس موقع کی پیشکش کرنی چاہیئے کہ محکمئہ تعلیم کے کسی بالغ دستیاب رکن کا

اس انٹرویو میں موجود رہنے کا انتخاب کر سکے۔ اس طالب علم کو زبردستی انٹرویو کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ معذوری کے حامل طلبا کے لیے جن کی معذوری سمجھنے اور بات چیت کرنے کی قابلیت پر اثرانداز ہوتی ہے، نامزد کردہ فرد عملے کا ایک ایسا رکن ہوگا جو اس طالب علم کی مدد کرنے کے قابل ہو اور جس کے ساتھ یہ طالب علم مطمئین ہو۔ اگر اس طالب علم / والدین کو انگریزی میں بات کرنے میں مشکل پیش آتی ہے یا اگر یہ ایک مترجم کی درخواست کریں، ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

d. اگر یہ واضح ہو جاتا ہےکہ کسی طالب علم جس پر ایک مبینہ جرم کا الزام ہے پوچھ گچھ کرنے سے الزام کے اقراری بیانات حاصل کیے جا سکتے ہیں، اس پرنسپل / نامزد کردہ / یا والدین / سرپرست کی موجودگی میں ان طلبا کو جن کی عمر 16 سے کم ہے کمسنی تفیش کے بارے میں انہیں حاصل حقوق سے خبردار کرنا ہو گا (مرانڈا حقوق) اور 16 سال یا زائد عمر کے طلبا کو پڑھ کر سنانا ہوگا۔

2. **اسکول سےغیر متعلق جرائم** جب NYPD / تفتیشی ایجنسی کسی طالب علم سے اسکول کے اندر اس اسکول سے غیر متعلق جرم کی سرگرمی کے سلسلے میں پوچھ گچھ کرنے کی درخواست کرتی ہے، پرنسپل / نامزد کردہ کو لازمی درخواست کرنا چاہیے کہ اس انٹرویو کو بعد از اسکول اوقات کے دوران ہونا چاہیے اور والدین کو مطلع کرنا چاہیے۔

a. اگر NYPD / تفتیشی ایجنسی ایسے متقاضی حالات یا فوری خطرے کے خوف کی نشاندہی کرتی ہے جو انٹرویو کرنے کا تقاضا کرتے ہیں تو پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اس کے والدین سے رابطہ کرنے کی کوشش کرے۔ اگر والدین سے رابطہ نہیں کیا جا سکا، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ سینئر فیلڈ کونسل سے مشاورت کرے، یا اگر سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ نہیں کیا جا سکتا، دفتر برائے جنرل کؤنسل سے صلاح مشورہ کرے تاکہ تعین کیا جا سکے کہ آیا متقاضی حالات یا فوری خطرہ کے خوف درپیش ہے۔ طالب علم کو زبردستی انٹرویو کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

b. والدین کی غیر موجودگی میں کسی طالب علم سے پوچھ گچھ کے دوران پرنسپل / نامزد کردہ کا موجود ہونا لازمی ہے۔ اس طالب علم کو اس موقع کی پیشکش کرنی چاہیئے کہ محکمئہ تعلیم کے عملے کے موزوں بالغ دستیاب رکن کا اس انٹرویو میں موجود رہنے کا انتخاب کر سکے۔ طالب علم کو انٹرویو کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ معذوری کے حامل طلبا کے لیے جن کی معذوری سمجھنے اور بات چیت کرنے کی قابلیت پر اثرانداز ہوتی ہے، نامزد کردہ فرد عملے کا ایک ایسا رکن ہو گا جو اس طالب علم کی مدد کرنے کے قابل ہو اور جس کے ساتھ یہ طالب علم مطمئین ہو۔

c. اگر یہ واضح ہو جاتا ہےکہ کسی طالب علم جس پر ایک ایسے مبینہ جرم کا الزام ہے جو پوچھ گچھ کرنے سے الزام کے اقراری بیانات حاصل کیے جا سکتے ہیں، پرنسپل / نامزد فرد / یا والدین / سرپرست کی موجودگی میں ان طلبا کو جن کی عمر 16 سے کم ہیں کمسنی تفتیش کے لیے انہیں حاصل حقوق کے بارے میں خبردار کرنا (مرانڈا حقوق) اور 16 سال یا زائد عمر کے طلبا کو پڑھ کر سنانا ہوگا۔

3. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرا برتاو

a. والدین یا وہ فرد جو اس بچے کی نگہداشت کا ذمہ دار ہے یا وہ فرد جو اس بچے کے گھر میں ہمیشہ موجود رہتا ہے، کے بارے میں اس بچے کے ساتھ ایذا رسانی اور بدسلوکی کے الزامات رپورٹ کرنے کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-750 ملاحظہ کریں۔

b. جب NYPD یا ACS کسی طالب علم سے بچے پر زیادتی کے الزام کے بارے میں والدین، سرپرست یا نگران کے خلاف سوالات کرنا چاہیں، پرنسپل / نامزد کردہ کو سوالات کرنے کی

اجازت دینا لازمی ہے اور ان کو والدین، سرپرست یا نگران سے لازمی طور پر رابطہ نہیں کرنا چاہیے۔

c. جب NYPD یا ACS کسی طالب علم سے سوالات کرنے کی درخواست کرے جب بچے کے ساتھ کی گئی مبینہ زیادتی کا ارتکاب ایک ہی گھرانے میں مسلسل یا باقاعدہ پائے جانے والے فرد نے کیا ہو، پرنسپل کو NYPD یا ACS کے ساتھ مشاورت کے بعد اس بات کا تعین کرنا چاہیے کہ آیا والدین سے رابطہ کیے بغیر پوچھ گچھ کی جائے یا نہیں۔ کسی بھی صورت میں، پرنسپل یا کوئی شخص جس کی موجودگی میں بچہ آرام دہ محسوس کرتا ہو، اسے انٹرویو کے دوران لازمی موجود ہونا چاہیے، ماسوائے کے بچہ اس کے علاوہ درخواست کرے۔ معذوری کے حامل طلبا کے لیے جن کی معذوری سمجھنے اور بات چیت کرنے کی قابلیت پر اثرانداز ہوتی ہے، نامزد کردہ فرد عملے کا ایک ایسا رکن ہو گا جو اس طالب علم کی مدد کرنے کے قابل ہو اور جس کے ساتھ یہ طالب علم مطمئن ہو۔ مزید معلومات کے لیے چانسلر کے ضابطہ A-750 ملاحظہ کریں۔

4. SCI انٹرویو

a. جب SCI کسی طالب علم کا انٹرویو کرنے کی درخواست کرے، اس انٹرویو کے لیے والدین کی اجازت حاصل کرنے کے لیے والدین سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔

b. اگر ایسی پوچھ گچھ کی اجازت مل جاتی ہے، لازمی طور پر اسے اس انداز میں کیا جانا چاہیے جس سے اسکول پر کم سے کم خلل پڑے۔

**C. عملے کی پوچھ گچھ**

1. اسکول سے متعلق جرم: ایسی تمام صورتوں میں جہاں NYPD اسکول میں اسکول کے عملے یا غیر محکمئہ تعلیم اسکول کے عملے سے ایک اسکول سے متعلق جرم کے بارے میں پوچھ گچھ کرنے کی درخواست کرے، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اس انٹرویو کی اجازت دے؛ البتہ عملے اور غیر محکمئہ تعلیم کے عملے کو جواب دینے کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ اگر NYPD کے علاوہ کوئی اور تفتیشی ایجنسی اسکول کے عملے سے پوچھ گچھ کرنے کی درخواست کرے، پرنسپل کو سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے۔

2. اسکول سے غیر متعلق جرم: ایسی تمام صورتوں میں جہاں NYPD / تفتیشی ایجنسی عملے یا غیر محکمئہ تعلیم عملے سے اسکول میں ایک اسکول سے غیر متعلق جرم کے بارے میں پوچھ گچھ کرنے کی درخواست کریں، پرنسپل / نامزد فرد کو لازمی درخواست کرنی چاہیے کہ ایسے انٹرویوز اسکول کے اوقات کار کے بعد کیے جائیں۔ اگر NYPD / تفتیشی ایجنسی ایسے متقاضی حالات یا فوری خطرے کے خوف کی نشاندہی کرتی ہے جو انٹرویو کرنے تقاضا کرتے ہیں تو پرنسپل / نامزد فرد پر لازم ہے کہ پہلے سینئر فیلڈ کونسل سے مشورہ کرے، اگر سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ نہیں کیا جا سکتا، دفتر برائے جنرل کؤنسل سے مشورہ کرے۔

3. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرا برتاو: جب ACS بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کی تفتیش کے سلسلے میں عملے کا انٹرویو لینے کی درخواست کرے اسکول پر لازم ہے کہ چانسلر کے ضابطہ A-750 میں واضح کردہ طریقہ کار پرعمل درآمد کرے۔ اُس ضابطے کے مطابق، عملے کے ہر رکن پر لازم ہے کہ ایسی تفتیشوں میں اس سے قطع نظر کہ آیا یہ الزامات اس اسکول کی جانب سے رپورٹ کیے گئے ہیں، تعاون کرے۔

**VII.** غیر قانونی اور ممنوع اشیأء کے واوچر بنانا اور ضبطگی

**A.** اگر غیر قانونی یا ممنوع اشیأء جو اس اسکول کی برادری کے لیے باعث خطرہ ہوں دریافت کی گئی ہوں، اس ضابطے میں واضح کردہ اطلاع دینے اور رپورٹ کرنے کے طریقہ کار کے علاوہ، ذیلی طریقہ کار پر عمل کرنا لازمی ہے۔ اس ضابطہ کے

مقاصد کے لئے، غیرقانونی کا مطلب ہے اسلحہ جیسے کہ محکمہ تعلیم کے شہرپیما توقعات برائے طالب علم کی تعلیم میں معاونت میں وضاحت کی گئی ہے، قطع نظر اس کے کہ آیا یہ قانون میں منع ہیں یا نہیں، ماریوانا اور غیرقانونی منشیات۔

**B.** جب کبھی غیر قانونی اشیاء پکڑی جائیں: ذیلی طریقہ کار پر لازمی عمل درآمد کیا جانا چاہیے:

1. تمام غیرقانونی اشیاء کو NYPD/SSA کے ذریعے لازماً ضبط کرنا اور واوچر بنایا جانا چاہیے اور NYPD کے ذریعے تھانے لے جانا چاہیے۔ اگر غیر قانونی اشیاء پکڑی گئیں، انہیں فوراً SSA کےحوالے کر دینا چاہیے تاکہ اس کا واوچر بنایا جائے اور اس کو اسکول کے احاطے سے ہٹا دیا جائے۔

2. **کسی بھی صورت میں غیرقانونی چیز اسکول میں یا اسکول کے عملے کی نگرانی میں نہیں رہ سکتی۔** اگر NYPD / SSA غیرقانونی چیز کا واوچر نہیں بناتے ہیں یا NYPD غیرقانونی چیز نہیں ہٹاتا ہے، پرنسپل / نامزد فرد کو لازماً اپنے برو تحفظاتی ڈائریکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

3. جب کبھی NYPD / SSA غیرقانونی چیز کا واوچر بناتا ہے، پرنسپل / نامزد کردہ کو لازمی طور پر واوچر نمبر حاصل کرنا چاہیے اور مطلوبہ OORS رپورٹ میں درج کرنا چاہیے۔

**C.** اگر کسی طالب علم کے پاس ممنوعہ قانونی اشیاء پائی گئی جو اس اسکول برادری کے لیے باعث خطرہ ہوں (مثلاً، ویپنگ ڈیوائس، ای سگریٹس، الکحل،قینچی، ناخن فائلز) ذیلی طریقہ کار پر لازماً عمل درآمد کرنا چاہیے۔

1. اسکول کے عملے کا رکن، SSA یا NYPD پر لازم ہے کہ ایسی ممنوعہ قانونی اشیاء کو پرنسپل / نامزد کردہ کے حوالے کر دیں۔

2. پرنسپل / نامزد کردہ کو لازماً اس چیز کو ایک تالہ بند جگہ پر محفوظ کردینا چاہیے (مثلاً، الماری، دراز) اور والدین کو اطلاع دینی چاہیے اور ان سے کہا جائے کہ والدین یا کوئی دوسرا تقرر کردہ بالغ فرد جسے والدین نامزد کریں اسکول آکر اس چیز کو لے کر جا سکتا ہے۔

3. کسی بھی صورت میں ایسی اشیاء کو اس طالب علم جس کے پاس سے ضبط کی گئی تھی، یا اس کے بھائی بہن یا کسی رشتہ دار کو واپس نہیں کیا جانا چاہیے جو کسی نیویارک شہر پبلک اسکول میں مندرج ہے، قطع نظر کہ اس کی عمر کیا ہے۔ ایسی اشیاء صرف والدین یا ان کے نامزد کردہ کسی مناسب بالغ فرد کے حوالے کیا جانا چاہیے۔

4. ایسی اشیاء کو اسکول کی املاک پر زیادہ عرصے نہیں رہنا چاہیے۔ اگر والدین سے کئی بار رابطہ کرنے کی کوششوں کے باوجود، اس چیز کو واپس نہیں لے جایا گیا، پرنسپل / نامزد کو 30 اسکول دن کے بعد اس چیز کو لازماً بحفاظت تلف کر دینا چاہیے۔

5. پرنسپل / نامزد کردہ کو لازماً ذیلی معلومات کو مطلوبہ OORS رپورٹ میں قلم بند کرنا چاہیے: والدین سے رابطہ کرنے اور وہ تاریخیں جب یہ رابطے کیے گئے؛ اس فرد کا نام جو اس ضبط شدہ چیز کو واپس لے کر گیا، وہ تاریخ جب واپس لیکر گیا اور، اگر اسے نہیں لیکر جایا گیا کس تاریخ کو اسے تلف کیا گیا۔

**D.** پرنسپل / نامزد کو چاہیے ہر غیرقانونی / قانونی اشیاء کی تصویریں اتارے جن کے ضرورت طالب علم کے نظم و ضبط کے سلسلے میں ہو گی۔

**E.** اگر NYPD/SSA کی جانب سے طلبا کی تلاشی میٹل ڈیٹیکٹر اسکینگ (مثلاً میٹل ڈیٹیکٹر، دستی آلہ) کے ذریعے نہیں لی جاتی اسے ایک علیحدہ جگہ پر جس کا تعین پرنسپل / نامزد کردہ نے کیا ہو پر انجام دیا جائے گا، ماسوائے کہ جب حفاظت کا کوئی فوری خطرہ درپیش ہو۔ طلبا اور لاکرز کی تلاشی سے متعلق مزید معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-432 ملاحظہ کریں۔

## VIII. طلبا سے متعلق معلومات جاری کرنا

**A.** ایک صحتی یا حفاظتی ہنگامی صورت حال کی عدم موجودگی، کسی طالب علم کے ریکارڈ سے کوئی معلومات تیسرے فریق کو نہیں جاری کی جا سکتی، بشمول NYPD اور SSAs کے جیسا کہ چانسلر کے ضابطےA-820 میں دیا گیا ہے۔

اگر معلومات یا ریکارڈ کی درخواست کی جائے، پرنسپل کو مشورہ کرنے کے لیے اپنے سینئر فیلڈ کونسل یا دفتر برائے جنرل کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے۔

B. اگر کوئی والدین کسی واقع کے بارے میں ایک OORS رپورٹ کی ایک نقل کی درخواست کرے جس میں اس کا بچہ شامل تھا، اسکول کو چانسلر کے ضابطے A-820 کے طریقہ کار پر عمل کرنا چاہیے۔

C. NYPD، ACS یا دیگر قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو جو بچوں سے بدسلوکی اور برا برتاو سے متعلق تفتیش کرتی ہیں پرنسپل / نامزد کردہ فرد کو ان پر کسی ریکارڈ کو افشا کرنے کے لیے لازماً چانسلر کے ضابطے A-750 کے طریقہ کار پر عمل درآمد کرنا چاہیے۔

## IX. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو ذیلی پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Safety and Youth Development
NYC Department of Education
52 Chambers Street
New York, NY 10007
ٹیلیفون 212-374-4220
فیکس: 212-374-5751